27 Dhul Hijja, 1440 AH
Thursday, August 29, 2019

اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے

انجمن اسلام کے ۱۴۵ سال مکمل ہونے پر منعقدہ جشن میں ریاستی گورنر سی ودیا ساگر راؤ کا خطاب

انجمن اسلام کو ۱۴۵ سال مکمل ہونے پر منعقدہ پروگرام میں مہمان خصوصی ریاستی گورنر ودیا ساگر رائو کو شال پہنا کر استقبال کرتے ہوئے صدر انجمن اسلام ڈاکٹر ظہیر قاضی۔ (تصویر: جنید شیخ)

ممبئی: (اسٹاف رپورٹر) انجمن اسلام پبلک سروس کے ساتھ ساتھ سوشل ریفارم میں بھی اپنا ایک الگ مقام رکھتا ہے۔ یہاں پر دلیپ کمار، اے آر انتولے، اسمائیل مرچنٹ، قادر خان، غلام پرکار کے علاوہ دیگر کئی اہم شخصیات اس ادارے سے جڑی رہیں میں انجمن اسلام کے ۱۴۵ سال پورے ہونے پر ادارے کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی و ان کے دیگر ساتھیوں کو مبارکباد دیتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار آج انجمن اسلام کے ۱۴۵ سال پورے ہونے پر شانمکھا نند ہال کنگ سرکل میں منعقدہ پروگرام میں آئے چیف گیسٹ ریاست کے گورنر سی ودیا ساگر راؤ نے کہیں۔ انہوں نے کہا کہ انجمن اسلام بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ کے مشن پر بھی کام کر رہا ہے اور سچائی تو یہ ہے کہ انجمن اسلام نے ہی تقریباً سو سال قبل جب لڑکیوں کو اسکول نہیں بھیجا جاتا تھا تب انجمن اسلام کے ذمہ داران نے الگ سے لڑکیوں کے لئے اسکول شروع کیا اور وہاں سے مسلم سماج کی لڑکیوں کی تعلیم کا سلسلہ شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام اس ملک کا حصہ ہے اور پوری دنیا میں ہم دوسرے اسلامی ملک ہیں جہاں مسلمان اتنی تعداد میں رہتے ہیں۔ انہوں نے انڈونیشیا کی مثال دی اس کے بعد اپنے ملک کا شمار بتاتے ہوئے پاکستان کو اسلامی ملک قرار نہ دیتے ہوئے کہا کہ اسلام الگ ہے اور پاکستان الگ ہے۔ باقی صفحہ ۱۱ پر

Article 5 of 15

The Urdu Times Daily
All rights reserved. Reproduction or misrepresentation of material available on this website in any form is infringement of copyright and its strictly prohibited.
Maintained By Acaira Technologies Pvt Ltd